تنقید وتبصرہ

(تبصرہ کیلئے کتاب کے دو نسخے بھیجنا ضروری ہے)

انوار انبیاء

یہ کتاب میسرز شیخ غلام علی اینڈ سنز لاہور کے ادارہ تصنیف وتالیف نے مرتب کی ہے اور کوئی شبہ نہیں مجموعی حیثیت سے اپنے موضوع پر قابل قدر تصنیف ہے۔ کتاب بڑی محنت اور عرق ریزی سے مرتب کی گئی ہے۔ زبان بھی صاف اور شستہ ہے۔ مواد بھی بڑی حد تک تحقیقی ہے۔ گو معیار تحقیق ہر جگہ یکساں نہیں ہے۔ پھر بھی اساطیری انداز سے کامل اجتناب کیا گیا ہے اور یہی اس کتاب کی بڑی خوبی ہے۔ عرصہ ہوا ندوۃ المصنفین دہلی سے مولانا حفظ الرحمٰن صاحب سیوہاروی کی ایک کتاب کئی جلدوں میں اس موضوع پر شائع ہو چکی ہے اور وہ اپنے موضوع پر ہر اعتبار سے حاوی ہے۔ لیکن ایک مختصر اور جامع و مانع کتاب کی بہر حال ضرورت تھی۔ اور یہ ضرورت اس کتاب نے بدرجۂ اتم پوری کر دی ہے۔ یہ کتاب طلبہ کے لیے، کم خواندہ اصحاب کے لیے اور واعظوں کے لیے بہت مفید ہے۔ اس میں قرآنی اور غیر قرآنی انبیاء کے حالات وسوانح، تعلیمات وہدایات اور دعوت وتبلیغ سے متعلق کافی اور قابل قدر مواد موجود ہے۔ ضخامت ۴۰۶ صفحات۔ قیمت دس روپے

انسائیکلوپیڈیا یا تاریخ اسلام جلد اول و دوم

یہ ولیم ایل لینگر کی تالیف ہے۔ غلام رسول صاحب مہر نے اس کا ترجمہ وتحشیہ کیا ہے۔ مکتبۂ فرینکلن کے اہتمام سے شیخ غلام علی اینڈ سنز کشمیری بازار لاہور نے چھاپا ہے۔

اردو زبان میں تاریخی موضوع پر ایسے جامع و مانع قاموس کی بڑی شدید ضرورت تھی۔ اس کتاب نے اس ضرورت کو بڑی حد تک پورا کر دیا ہے۔ تاریخ عالم اور تاریخ اسلام سے دلچسپی رکھنے والے ہر شخص کے لیے یہ معلومات کا بیش بہا ذخیرہ ہے اور مصنف، مؤلف، مورخ، صحافی، طالب علم، عام شائقین علم سب ہی اس سے مستفید ہو سکتے ہیں۔

امریکہ کے مؤرخ اور محقق ہوں یا یورپ کے مستشرق، وہ جب بھی اسلامی تاریخ پر قلم اٹھاتے ہیں تو نیک نیتی کے باوجود بھی صحیح اور مستند مصادر سے محروم ہونے کے باعث غلطیاں کر جاتے ہیں۔ اس طرح کی لغزشیں اس کتاب میں بھی ہیں مگر مترجم نے اپنے علم ومعلومات کی حد تک انہیں دور کرنے کی پوری کوشش کی ہے۔ مترجم نے صرف ترجمہ ہی پر اکتفا نہیں کیا ہے بلکہ پاکستانی قارئین کے ذوق وضرورت کے پیش نظر، تہذیب وکانٹ چھانٹ، اور تبویب سے بھی کام لیا ہے۔ اور یہ کام بھی بڑی عرق ریزی اور دماغ سوزی کا ہے۔